سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مفصل و مستند تصنیف

علامہ علی ابن برہان الدین حلبی کی

انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون کا اردو ترجمہ

اُمُّ السِّیَر

مع اضافات

سیرۃ حلبیہ اردو



مرتب و مترجم اردو ○ مولانا محمد اسلم قاسمی فاضل دیوبند

زیر سرپرستی ○ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب

دارالاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 2631861

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مفصل و مستند تصنیف

علامہ علی ابن برہان الدین حلبی کی مایہ ناز عربی تصنیف کا اردو ترجمہ

اُمّ السیر

سیرۃ حلبیہ اردو

ہو عکسی

مع اضافات

۵
جلد سوم
نصف اول

مرتب و مترجم اردو ○ مولانا محمد اسلم قاسمی فاضل دیوبند

زیر سرپرستی ○ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون 2631861

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : مئی ۲۰۰۹ء علمی گرافکس
ضخامت : ۵۲۳ صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

Azhar Academy Ltd.
54-68 Little Ilford Lane
Manor Park, London E12 5Qa
Tel : 020 8911 9797

Islamic Books Centre
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K.

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A.

آنحضرت ﷺ کے پاس حاضری اور اسلام...... چنانچہ اس پر عکرمہ ابن ابو جہل اپنی بیوی کے ساتھ واپس آگئے جہاں پہنچ کر وہ مسلمان ہوگئے اور بہت بہترین مسلمان ثابت ہوئے۔ جب یہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو کہنے لگے۔

"اے محمد ﷺ اس عورت یعنی میری بیوی نے مجھے بتلایا ہے کہ آپ مجھے امان دے چکے ہیں۔!"

آپ نے فرمایا۔ "یہ سچ ہے تمہیں امان دی جاچکی ہے۔!"

یہ سنتے ہی عکرمہ نے کہا۔

"میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یہ کہ آپ اس کے بندے اور رسول ہیں۔!"

غیر معمولی مسرت اور عظیم پیش کش...... یہ کہہ کر عکرمہ نے شرمندگی کے ساتھ گردن جھکالی۔ اس وقت آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

"عکرمہ !اس وقت تم مجھ سے کوئی بھی ایسی چیز مانگو جو میرے اختیار میں ہو تو وہ میں تمہیں دے دوں گا۔!"

اس پیشکش پر حضرت عکرمہ ابن ابو جہل نے عرض کیا۔

"آپ میری ہر اس دشمنی کے لئے جو میں نے آپ کے خلاف کی ہے میرے واسطے مغفرت کی دعا فرمائیں۔!"

آپ نے یہ سن کر ان کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا۔

"اے اللہ !عکرمہ کی ہر وہ دشمنی جو انہوں نے میرے خلاف کی ہے اور ان کے تمام وہ کلمات جو انہوں نے میرے خلاف کہے ہیں معاف فرمادے۔!"

عکرمہ کا پُرجوش استقبال......اس سے پہلے جب عکرمہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ ان کو دیکھ کر خوشی کی وجہ سے جھپٹ کر ان کی طرف بڑھے اور ان کے لئے اپنی چادر مبارک بچھاتے ہوئے فرمانے لگے۔

"اس شخص کو خوش آمدید ہو جو مومن اور مہاجر کی حیثیت سے حاضر ہوا ہے۔!"

اس کے بعد حضرت عکرمہ بہت بڑے اور عظیم المرتبت صحابہ میں شمار ہوئے۔

عکرمہ کے متعلق آنحضرت ﷺ کا خواب...... بہجۃ المجالس میں علامہ ابن عبد البر کی کتاب انس جلیل کے حوالے سے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ آپ جنت میں داخل ہوئے آپ نے اس میں کھجور کا ایک پھلدار درخت دیکھا جو آپ کو بہت پسند آیا۔ آپ نے پوچھا یہ کس کا ہے۔ تو آپ کو بتلایا گیا کہ یہ ابو جہل کا ہے۔ آنحضرت ﷺ کو یہ بات بہت گراں معلوم ہوئی اور آپ نے فرمایا کہ جنت میں صرف ایک مومن شخص ہی داخل ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد جب حضرت عکرمہ ابن ابو جہل آپ کے پاس مسلمان کی حیثیت سے آئے تو آپ بہت خوش ہوئے اور اس خواب کی یہ تعبیر لی کہ وہ درخت خرما عکرمہ کے لئے ہے۔ عکرمہ لُغت کے اعتبار سے گدھی کو کہتے ہیں۔

اس واقعہ سے یہ دلیل لی گئی ہے کہ بعض دفعہ خواب کی تعبیر بہت دیر میں ظاہر ہوتی ہے اور ایسا بھی